<u>پریس ریلیز</u>

12 مئی 2016ء

اسٹیٹ بینک نے قرضے کی بیرونی جانچ کے اہل اداروں کے طور پر 'جے سی آر – وی آئی ایس' اور 'پی اے سی آر اے (پاکرا)' کی تجدید کردی

بینک دولت پاکستان نے پاکستان میں کریڈٹ ریٹنگ کرنے والے دونوں اداروں جے سی آر – وی آئی ایس کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ اور پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ (پاکرا) کی حیثیت کی تجدید کرتے ہوئے انہیں 2016ء کے لیے قرضے کی بیرونی جانچ کے اہل اور مجاز ادارے (ای سی اے آئی) قرار دیا ہے۔

بازل فریم ورک کا معیاری طریقہ استعمال کرنے والے بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں کو شرح کفایت سرمایہ (سی اے آر) تخمینے کی غرض سے جے سی آر – وی آئی ایس اور پاکرا کی تفویض کردہ کریڈٹ ریٹنگ استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

***